Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

اہم ترین

بانی چیئرمین عمران خان پاکستان کی سلامتی، سالمیت اور جغرافیائی خود مختاری کے محافظ اور قومی وقار کے امین ہیں،

27 فروری وزیر اعظم عمران خان کی نڈر قیادت، اور قومی امنگوں سے ہم آہنگ ٹھوس فیصلہ سازی کا گواہ ہے،

27 فروری 2019 کو آج ہی کے روز وزیر اعظم عمران خان نے فاشسٹ مودی کی پاکستان کیخلاف ناپاک جارحیّت کا منہ توڑ جواب دینے کی منظوری دی،

وزیر اعظم عمران خان کے واضح اور دوٹوک حکم پر افواجِ پاکستان خصوصاً پاک فضائیہ نے پاکستان کی فضائی حدود پامال کرنے والے بھارتی حملہ آوروں کو منہ توڑ جواب دیا،

امن پر غیر متزلزل یقین رکھنے والے ایک زیرک اور مدبّر قائد کے طور پر وزیر اعظم عمران خان نے پاکستان کی سالمیت کے خلاف اقدام کا موثر جواب بھی دیا اور خطے کو ایک جوہری جنگ کے خطرے سے بھی بچایا،

پاکستان کی سالمیت، سلامتی اور خود مختاری کے محافظ قائد جھوٹے، جعلی اور لغو مقدمات کی آڑ میں آج ناحق جیل میں قید ہے،

عوامی مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈال کر اقتدار کی مودی کے ازلی شراکت داروں کے مابین تقسیم کر کے پاکستان کے مفادات کو زک پہنچانے کی کوشش کی جارہی ہے،

قوم کی غیر متزلزل تائید و حمایت سے ان شاء اللہ عمران خان جلد قید سے رہا ہوں گے اور ملک و قوم کو وقار و استحکام کی راہ پر ڈالیں گے،

ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ